# فیکٹ شیٹ - اسکول کمیونٹی کا جاری حفاظتی آرڈر

## اسکول کمیونٹی کا جاری حفاظتی آرڈر کیا ہے؟

پرنسپل صاحبان اور محکمہ تعلیم و تربیت کا عملہ جیسے کچھ لوگ 'مجاز افراد' کہلاتے ہیں۔ اُن کے پاس ایسے آرڈرز دینے کا اختیار ہوتا ہے جو آپ کے لیے اسکول جانے یا اسکول کی سرگرمیوں میں شامل ہونے کے ضمن میں اصول طے کرتے ہیں۔

آرڈر آپ کو اسکول کے احاطے میں یا دوسری ایسی جگہوں میں داخل ہونے یا موجود رہنے سے روک سکتا ہے جہاں اسکول کی سرگرمیاں ہوتی ہیں۔ آرڈر میں یہ لکھا ہو سکتا ہے کہ آپ کو بعض مخصوص لوگوں کے ساتھ، مخصوص اوقات میں، اسکول میں یا دوسری ایسی جگہوں میں کسی خاص طریقے سے برتاؤ کرنے کی اجازت نہیں ہے جہاں اسکول کی سرگرمیاں ہوتی ہیں۔ آرڈر میں بعض خاص صورت حال بھی شامل ہو سکتی ہیں جیسے وہ اوقات جب، یا وہ جگہیں جہاں، اس آرڈر کا اطلاق نہیں ہوتا ہے۔

آپ کے خلاف یہ آرڈر اس لیے جاری کیا گیا ہے تاکہ اساتذہ، طلباء اور اسکول میں موجود دیگر لوگوں میں محفوظ ہونے کا احساس ہو۔ اسکول کمیونٹی کے حفاظتی آرڈرز کے بارے میں مزید معلومات یہاں حاصل کی جا سکتی ہیں۔ اسکول کمیونٹی کے حفاظتی آرڈرز کیا کرتے ہیں، اس بات کو سمجھنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے آپ یہاں ایک ویڈیو دیکھ سکتے ہیں۔

### ایک آرڈر کب تک جاری رہتا ہے؟

اُس آرڈر میں ہی آپ کو یہ بتایا جاتا ہے کہ یہ قواعد کب تک لاگو ہوں گے۔ اُن کے جاری رہنے کی طویل ترین معیاد 12 ماہ ہے۔

### میں اسکول کو کیسے بتاؤں کہ میں کسی جاری کیے گئے آرڈر سے متفق نہیں ہوں؟

ایک مجاز شخص کی جانب سے آرڈر جاری کیے جانے سے قبل، اُن کے لیے ضروری ہے کہ وہ آپ کو مطلع کریں کہ وہ آرڈر جاری کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں اور ان کے خیال میں اس آرڈر کو جاری کرنے کی کیا وجہ ہے۔ آپ مجاز شخص کو یہ بتانے کے لیے ’تحریری وضاحت‘ جمع کروا سکتے ہیں کہ آپ نے ایک مخصوص رویہ کیوں اختیار کیا تھا، اس کا آپ پر یا آپ کے بچے پر کیا اثر پڑے گا یا دیگر کوئی بات جو انہیں معلوم ہونی چاہیے تاکہ وہ یہ فیصلہ کر سکیں کہ آیا آرڈر جاری کرنا ہے یا نہیں۔ مثال کے طور پر، ہو سکتا ہے کہ آپ مجاز شخص کو یہ بتانا چاہیں کہ آپ کا بچہ معذوری کا شکار ہے تاکہ وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے انتظامات کر سکیں کہ آپ اسکول جانے کے لیے ان کی مدد کرنا جاری رکھیں۔

مجاز شخص کی جانب سے آپ کو یہ بتائے جانے کے بعد کہ وہ آرڈر جاری کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں، آپ کے پاس تحریری وضاحت جمع کرانے کے لیے 7 دن ہوتے ہیں۔ اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ تحریر جمع کرانے کے لیے مزید وقت بھی مانگ سکتے ہیں۔

آپ مجاز شخص کو ای میل یا خط کے ذریعے تحریری گزارش جمع کروا سکتے ہیں۔ آپ یہاں محکمہ تعلیم و تربیت کی ویب سائٹ پر موجود ٹیمپلیٹ استعمال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ تحریری وضاحت نہیں لکھنا چاہتے، تو آپ اس کی بجائے زبانی وضاحت بھی دے سکتے ہیں۔ آپ اپنی طرف سے کسی اور سے بھی تحریری وضاحت جمع کرانے کے لیے کہہ سکتے ہیں، جیسے آپ کا معذوری کی سپورٹ والا معاون شخص یا مترجم۔

## اگر اسکول میں میرا کوئی بچہ ہے، تو اب اس کے ساتھ کیا ہوگا کیونکہ میرے لیے جاری آرڈر پر عمل کرنا لازمی ہے؟

آپ کے اسکول نے اس بارے میں اچھی طرح سے سوچ رکھا ہے کہ اس آرڈر سے آپ کے بچے پر کیا اثر پڑے گا اور آپ ان کی دیکھ بھال کیسے کریں گے۔ آرڈر کا مقصد یہ نہیں ہے کہ آپ کو ان کی دیکھ بھال کرنے یا ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں مشغول ہونے سے روکا جائے۔

آپ کا اسکول آپ کے خلاف آرڈر جاری کرنے کے بعد آپ کو فوری طور پر ایک 'رابطہ اور رسائی کا پروٹوکول' فراہم کرے گا۔ اس میں درج ذیل امور کا احاطہ کیا جائے گا:

- آپ کو اپنے بچے کی تعلیم کے بارے میں کیسے مطلع کیا جا سکتا ہے
- آپ کا بچہ اسکول جانا اور اسکول کی سرگرمیوں میں محفوظ طریقے سے حصہ لینا کس طرح جاری رکھ سکتا ہے
- وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیا کریں گے کہ آپ کا بچہ معاونت یافتہ ہے اور اس کی دیکھ بھال کی جاتی ہے۔

## اگر میں کسی آرڈر پر عمل نہیں کرتا ہوں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ آرڈر میں بیان کردہ قواعد کی پیروی نہیں کرتے ہیں، تو اسکول آپ سے آرڈر پر عمل کرنے کا مطالبہ کیے جانے کے لیے مجسٹریٹ کی عدالت میں درخواست دائر کر سکتا ہے۔

اگر مجسٹریٹ کی عدالت یہ تعین کرتی ہے کہ آپ کسی آرڈر پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے غلطی پر تھے، تو وہ درج ذیل کارروائیاں کر سکتے ہیں:

- آپ سے جرمانہ ادا کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں
- آپ سے آرڈر کی تعمیل کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں
- آپ سے آرڈر کی تعمیل کے لیے مخصوص کارروائی کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں
- آپ سے کوئی اور ایسا کام کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں جسے عدالت مناسب سمجھے۔

آرڈر پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے آپ کو جیل نہیں بھیجا جائے گا، آپ کے خلاف کوئی مجرمانہ ریکارڈ نہیں بنایا جائے گا یا مجرمانہ سزا نہیں ملے گی۔

## اگر مجھے کسی آرڈر میں تبدیلی کروانی ہو تو میں کیا کروں؟

اگر آپ کسی آرڈر میں بعض قواعد کو ہٹانا یا تبدیل کرانا چاہتے ہیں، تو آپ اُس مجاز شخص سے درخواست کرسکتے ہیں جس نے یہ آرڈر جاری کیا تھا کہ وہ اس میں مطلوبہ تبدیلیاں کرے۔ اگر مجاز شخص آپ سے متفق ہے، تو انہیں آپ کو تبدیل شدہ آرڈر کی ایک تحریری کاپی دینی ہوگی۔ اگر وہ آپ سے متفق نہیں ہیں، تو انہیں ایک جاری آرڈر والے تقاضوں پر ہی عمل کرنا ہوگا۔

اگر کوئی مجاز شخص کسی آرڈر میں نئے قواعد شامل کرنا چاہتا ہے، تو انہیں ایک جاری آرڈر والے تقاضوں پر ہی عمل کرنا ہوگا۔

THE EDUCATION STATE

VICTORIA State Government | Education and Training

### اگر میں کسی آرڈر کے خلاف اپیل کرنا چاہتا ہوں تو کیا کروں؟

آپ مندرجہ ذیل وجوہات کی بناء پر کسی آرڈر کے خلاف اپیل کرنے کے لیے اپنے اسکول میں درخواست دے سکتے ہیں:

- اگر آپ اس بات سے متفق نہیں ہیں کہ آپ کے خلاف آرڈر جاری کیا جانا چاہیے تھا
- اگر آپ نے مجاز شخص سے آرڈر میں کچھ تبدیلی کرنے کی درخواست کی تھی لیکن انہوں نے انکار کر دیا، اور آپ اس فیصلے سے ناخوش ہیں
- اگر مجاز شخص نے آرڈر میں کچھ تبدیلی کی ہے اور آپ اس فیصلے سے ناخوش ہیں
- اگر مجاز شخص نے آرڈر کو منسوخ نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اور آپ اس فیصلے سے ناخوش ہیں۔

محکمہ تعلیم و تربیت کی جانب سے آرڈر کے اندرونی جائزہ کی درخواست دینے کے لیے، محکمہ تعلیم و تربیت کی ویب سائٹ پر یہاں موجود فارم پُر کریں اور اسے اسکول کے پرنسپل کو بھیج دیں۔

جب آپ پرنسپل صاحب کو اپنی درخواست دیں گے تو اس کے بعد اندرونی جائزہ کا فیصلہ آنے میں 28 دن لگ سکتے ہیں۔ اس وقت کا استعمال آپ کے خلاف کیے جانے والے آرڈر کے پیچھے کی جملہ وجوہات اور آپ کی جانب سے جمع کرائی جانے والی درخواست میں درج وجوہات کا بغور جائزہ لینے کے لیے کیا جاتا ہے۔

اندرونی طور پر جائزہ لینے والا شخص آرڈر میں تبدیلیاں کر سکتا ہے، آرڈر کو منسوخ کر سکتا ہے یا ان میں سے کچھ نہیں بھی کر سکتا ہے۔ فیصلہ ہو جانے کے بعد، آپ کو بذریعہ ای میل اور/یا ڈاک مطلع کیا جائے گا اور اس فیصلے کو سمجھنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے آپ کو اندرونی جائزہ کے نتائج کی وجوہات کی ایک کاپی موصول ہوگی۔

اگر آپ اندرونی جائزے کے نتائج سے ناخوش ہیں، تو آپ وکٹوریائی دیوانی اور انتظامی ٹریبونل میں اس فیصلے کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں۔ آپ اس بارے میں مزید معلومات محکمہ تعلیم و تربیت کی ویب سائٹ پر یہاں حاصل کر سکتے ہیں۔

### اگر مجھے مترجم/ترجمان یا کسی اور مدد کی ضرورت ہوئی تو میں کیا کروں؟

اگر آپ کو ایک مترجم، ترجمان یا معاون شخص کی ضرورت ہے، تو آپ اسکول کے پرنسپل کو بتا سکتے ہیں جو معاونت حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کا بچہ کسی سرکاری اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے جاتا ہے، تو آپ مزید مدد حاصل کرنے کے لیے محکمہ تعلیم و تربیت کے علاقائی دفتر سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| شمال مشرقی وکٹوریہ<br>فون: 1300 333 231<br>ای میل: nevr@education.vic.gov.au | شمال مغربی وکٹوریہ<br>فون: 1300 338 691<br>ای میل: nwvr@education.vic.gov.au |
| جنوب مشرقی وکٹوریہ<br>فون: 1300 338 738<br>ای میل: sevr@education.vic.gov.au | جنوب مغربی وکٹوریہ<br>فون: 1300 333 232<br>ای میل: swvr@education.vic.gov.au |

### اگر مجھے مزید معلومات درکار ہیں تو میں کیا کروں؟

آپ مزید معلومات کے لیے یہاں محکمہ تعلیم و تربیت کی ویب سائٹ پر جا سکتے ہیں۔